مولانا فضل علی (وزیر تعلیم): بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سپیکر صاحب! ډیره شکریه۔ ستاسو د فراخ دلئ هم ډیره شکریه چه که دا 'Call Attention Notice' وی، که تحریک التواء وی او که هر څه شے وی، دغه هم په ما باندے په یو وخت راوړئ۔ تر څو پورے چه د ټیکسټ بک بورډ خبره ده، مانن هم د ټیکسټ بورډ چیئرمین سره میټنګ کړے دے سحر نهه بجے او امید دے ،انشاء اللہ کتابونه به په وخت باندے رسی بلکه مونږه خو ړومبئ ورځ باندے دلته کښې هاؤس ته یوے یوے ډائرئ سره یو لیټر هم ورکړے وو چه دا ځل مونږه پرائمرئ پورے مفت کتابونه ورکوؤ او زمونږه دا خواهش دے چه هر ایم۔پی۔اے په خپل خپل ډسټرکټ کښې او په خپله خپله حلقه کښې د هغے باقاعده Inauguration اوکړی ځکه چه دا په ړومبی ځل په صوبه سرحد کښې، خو چونکه لږ مشکلات پکښې دا دی چه وخت لږ دے او تین سو سرکلے دی، تین سو سرکلو ته کتابونه رسول دی نو په هغے باندے ورځ او شپه مونږه کار شروع کړے دے او روزانه کوشش مو دا وی چه ډیر ټرکونه اوځی او سرکلو ته په وخت باندے اورسی۔ نو دا سے به انشاء اللہ څه مسئله زما یقین دا دے ، نه وی۔ سحر ما له د بورډ چیئرمین صاحب یقین دهانی راکړے ده چه کتابونه به ټول امید دے په وخت باندے رااورسی او داسے

مسئله به نه جوړیږی او تر څو پورے چه د دوئ خبره د Enrolment ده نو دا ظاهره خبره ده چه مونږه د 2003 مطابق کړے دے لیکن مونږ سره ګنجائش شتے او دا امکان دے او زمونږه خواهش هم دا دے چه بچی ډیر راشی سکولونو ته، نو امکان دے چه داخلے ډیرے اوشی او انشاء الله هغه کتابونه به مونږه ورته پوره کوؤ تر هغے وخته پورے او د ارشد خان په خبره باندے زهٔ پوهه نه شوم چه په ایجوکیشن پالیسئ باندے په کوم بنیاد باندے خبره کول غواړی؟ په تفصیل ئے هغه خبره اونکړه چه په څه باره کښ۔۔۔۔

جناب سپیکر: د بشیر احمد بلور صاحب د هغے خبرے څه اوکړئ۔

جناب محمد ارشد خان: تاسو اجازت راکړئ نو۔۔۔۔۔

وزیر تعلیم: د بشیر احمد بلور صاحب د خبرے ما نوټس اغستے دےجی باقاعده۔ زهٔ پخپله تلے یمه امتحانی هالونو ته او ما دا حالت لیدلے دے۔ هغے باندے پخپله هم ما ته د کهٔ رسیدلے دے او اوس د ای۔ډی۔اوز نه هم ما د هغے تفصیل راغوښتے دے چه کومو ډسټرکونو ته مونږ په کروړنو باندے روپئ ورکړی دی او په فرنیچر باندے دوئ لګولی دی، هغه فرنیچر په کوم ځائے کښ دے؟ د دے تفصیلات ما ټول راغوښتی دی جی۔ هغه بله ورځ زهٔ پخپله ورغلے وومه امتحانی هال ته۔

جناب سپیکر: ارشد خان صاحب! تاسو منسټر صاحب سره به بیا ملاؤ شئ او ډسکس به ئے کړئ۔ هغوی وائی چه دوئ کومه پالیسی وائی نو بیا به پرے خبره اوکړو۔۔۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! زهٔ منسټر صاحب ته دومره ریکوسټ کومه چه دومره د Commitment اوکړی چه د دے انکوائری به کوی او که چا غلط کار کړے وی نو د هغوی خلاف به ایکشن اخلی۔

جناب سپیکر: جی۔

سید مظهر علی قاسم: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ارشد خان صاحب! تاسو منسټر صاحب سره ملاؤ شئ او چه کوم تفصیل دوئ غواړی۔۔۔۔۔۔

جناب محمد ارشد خان: چه کوم تفصیل دے ، زهٔ هغه وایمه نو دا خو په ایوان کښ، زهٔ وایمه چه په دے ایوان کښ ئے اووایمه۔

جناب سپیکر: میں نے تو ہاؤس ابھی Adjourned نہیں کیا ہے۔

سید مظہر علی قاسم: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: شاہ صاحب۔

سید مظہر علی قاسم: سر! میں یہ عرض کرتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب محمد ارشد خان: سر! ما اووئیل چه تاسو ما ته اجازت راکړئ چه زهٔ پرے منسټر صاحب پخپله پوهه کړمه۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ما جی تاسو ته اووئیل چه تاسو د منسټر سره ملاو شئ چه هغه پوهه شی نو بیا به تاسو ته جواب درکړی۔ دا هغه جواب اوکړو چه زهٔ به دوئ سره ملاؤ شم۔

محمد ارشد خان: زهٔ وایمه چه هغوی اووئیل۔۔۔۔۔۔ (شور)

جناب سپیکر: سردار صاحب، سردار صاحب۔

سید مظہر علی قاسم: جناب سپیکر! ۔۔۔۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: The sitting is adjourned for tea break.

(اس مرحلے پر چائے کیلئے ایوان کی کارروائی ملتوی ہوگئی)

(وقفے کے بعد جناب سپیکر صاحب مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔)

سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے مالی سال 2003-04 پر بحث

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سالانہ ترقیاتی پروگرام پر بحث کا آغاز جناب انور کمال خان صاحب کریں گے۔ میرے خیال میں ان کی گرجتی آواز اس کورم کو پورا کرنے کا باعث بنے گی۔ پلیز، انور کمال خان صاحب!

جناب انور کمال: جناب والا! شکریہ لیکن میں بحث کس کی سامنے کروں؟ یہاں پر تو کوئی ہے ہی نہیں۔

جناب سپیکر: جب آپ شروع کریں گے تو وہ آئیں گے، مجھے یقین ہے۔

جناب انور کمال: میرے خیال میں اگر کسی کا کوئی پوائنٹ آف آڈر ہو، اسلیے کہ ہاؤس بھی In order نہیں ہے۔

جناب سپیکر: دیکھیں، ڈیڑھ بجے یہاں پر نماز باجماعت ہوتی ہے اور ڈیڑھ بجے سے ہمیں پہلے پہلے۔۔۔۔۔

جناب انور کمال: بولنے کیلئے جناب والا، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، میں بول لوں گا لیکن پانچ منٹ اگر ان میں سے کوئی۔۔۔۔۔

جناب محمد ارشد خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: انور کمال خان صاحب۔ ارشد خان!

جناب محمد ارشد خان: یره جی ما مخکښې هم یوه خبره کړې وه۔ دوئ خو هسې هم کورم ته ګوری، دا چه خلق کم اووینی نو دوئ بیا خبرې سمې نه شی کولې ۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: راروان دی جی۔ (قہقہے)

جناب محمد ارشد خان: چه مخامخ ورته ګوک ناست نه وی نو دوئ خبرې سمې نه شی کولې۔

(شور/ قہقہے)

جناب انور کمال: او کنه مونږ خو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب محمد ارشد خان: نو سپیکر صاحب، ریکویسټ دې زما، ما تحریک التواء هم په دې باندې تاسو له درکړې وو اوس خو مې دې نورو ملګرو سره هم څه خبره اوکړه چه په تعلیمی پالیسئ باندې دا وخت دې چه په دې وخت خبرې اوکړو۔ که تاسو مونږ له هفته پس ټائم راکوئ یا زما هغه تحریک التواء، تاسو وئیل چه دا به Process کیږی نو یو خو مهربانی اوکړئ د Process کیدولو دا ذریعه لږه راانډه کړئ۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ښه جی۔

جناب محمد ارشد خان: چه زمونږه تحریک التواء هم Process کیږی او په لس ورځو کښې هغه بیا اسمبلئ ته یا په هغې مونږ خبرې کوؤ، اکثر د هغې خبرې وخت تیر شوې وی۔

جناب سپیکر: صحیح ده۔

جناب محمد ارشد خان: نو مونږه وایو چه مونږه ته دې وخت کښې ټائم راکړئ۔ ما سراج الحق صاحب سره هم خبره اوکړه، هغوئ وائی چه ډیره ښه خبره ده۔ تعلیمی پالیسئ باندې د خبرې کولو هم دا وخت دې۔ پکار ده چه دې وخت کښې دا خبرې اوشی نو زۀ وایم چه

تاسو نورو ممبرانو نه هم تپوس اوکړئ۔ په دے باندے د بحث موقع راکړئ چه مونږ بنه په تفصیل کښں په تعلیمی پالیسئ باندے خبرے اوکړو۔

جناب سپیکر: صحیح ده جی۔

ڈاکٹر سیمیں محمود جان: شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ تاسو ته پته ده چه 19 تاریخ ته کرکټ میچ دے جی پیښور کښں نو اوس په مونږ باندے ټول ډیر خلق وائی چه تاسو ایم۔پی۔ایز یئی، تاسو خو کم از کم مونږ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا خو پاکستان کرکټ بورډ دے، مونږه، تاسو سفارش کوؤ چه وفاق کښں مونږه له۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈاکٹر سیمیں محمود جان: نه جی مونږه ټکټ به اخلو، مونږ څه فری خو نه غواړو خو زمونږ هم Status دے کنه سپیکر صاحب، تاسو ته مونږ ریکویسټ کوؤ چه لږ مونږ ته ټکټ ملاؤ شی، مونږ به واخلو۔ مهربانی۔

جناب سپیکر: جی، جناب انور کمال صاحب!

جناب انور کمال: شکریہ، جناب۔ سپیکر صاحب کے سموسے کھا کھا کر ہمارے تو گلے بیٹھ گئے ہیں اور بشیر صاحب کہہ رہے ہیں کہ آپ گلا صاف کر رہے ہیں۔ جناب والا! میں مشکور ہوں کہ ایک نہایت ہی اہم موضوع پر آپ نے آج بحث کیلئے مجھے موقع دیا۔ جناب سپیکر! آپ کو علم ہے کہ جتنے بھی اراکین اسمبلی یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، یہ تمام خدا کے فضل سے Elected لوگ ہیں اور ہم تمام ایم پی ایز اپنے اپنے علاقے کی Representation یا نمائندگی کرتے ہیں۔ ہماری نمائندگی محض اسلیے نہیں ہوتی کہ ہر دوسرے مہینے ہم اسمبلی ریکوزیشن کر لیتے ہیں اور اس میں 'Call Attentions' یا 'Question/Answers' یا 'Adjournment motion' یا مختلف موضوعات پر تقاریر کر لیتے ہیں لیکن اس کے علاوہ جس مقصد کیلئے ہمیں اسمبلیوں میں بھیجا جاتا ہے، وہ مقاصد ہمارے اپنے عوام، اپنے حلقے کے لوگوں کے ترقیاتی کام ہوتے ہیں، وہ ان لوگوں کی مشکلات ہوتی ہیں، وہ ان کے چھوٹے اور بڑے کام ہوتے ہیں جن کا بندوبست بحیثیت ایم پی اے ہمیں کرنا چاہیئے۔ جناب سپیکر! میں اے۔ڈی۔پی پر تنقید برائے تنقید کا معتقد نہیں ہوں لیکن جو حقیقت ہے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ میں بھی ان گونگے شیطانوں میں اپنے آپ کو تصور نہیں کرتا کہ یہ جانتے ہوئے بھی میں خاموش رہوں اور حقیقت سے چشم پوشی

کروں۔ لہذا میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے معزز منسٹر صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، ان کے خلوص کا، ان کی محبت کا اپنے دوستوں کے ساتھ، اس میں کوئی شک نہیں ہے لیکن جناب والا، اے ڈی پی کا ایک خاص مقصد ہوتا ہے۔ آپ پچھلی حکومتوں کی اے۔ڈی۔ پیز کو دیکھیں، آپ بھی الحمد للہ انہی حکومتوں میں وقتاً فوقتاً As MPA آتے رہے ہیں۔ جناب والا! اے دی پی آپ کے تمام سالانہ ترقیاتی پروگرام کی عکاسی کرتا ہے، انگریزی میں جیسے اسے کہتے ہیں کہ یہ ایک "ویژن" ہوتا ہے، یہ ایک پروگرام ہوتا ہے، یہ ایک ٹارگٹ گورنمنٹ کی طرف سے بتایا جاتا ہے کہ اس سال کے عرصے میں، 04-2003، 03-2002 میں حکومت نے وہ کون کونسے اقدامات کرنے ہوتے ہیں اور اسی ترتیب سے حکومت مختلف ڈیپارٹمنٹس کیلئے رقم مختص کرتی ہے۔ یہ جناب والا، پی اینڈ ڈی میں جس کو آپ ایک اچھی پلاننگ کہتے ہیں، اگر آپ نے اس کو اچھے طریقے سے تیار کیا تو یہ سمجھا جائے گا کہ آپ کی اے۔ڈی۔پی ایک اچھے پلاننگ کا نتیجہ ہے لیکن اگر آپ Haphazardly اے ڈی پی بنائیں اور اس میں آپ کے ٹارگٹس واضح نہ ہوں، اس میں آپ کا کوئی ویژن سامنے نظر نہ آئے اور آپ Haphazardly کوئی اے ڈی پی بنائیں تو اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے جناب والا، جیسے ہمارے 04-2003 کی اے ڈی پی ہے، میں نے اس وقت بھی Budget speech میں، گو کہ میں Budget speech میں یہاں پر موجود نہیں تھا لیکن جب ضمنی بجٹ پیش ہوا تو میں نے اس وقت بھی اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اور اپنے خدشات کا اظہار کرتے ہوئے یہ کہا تھا کہ ہمیں اس اے ڈی پی اور بجٹ کو دیکھنے سے یہ اندازہ ہو رہا ہے کہ آنے والے وقتوں میں 04-2003 کی یہ اے ڈی پی چلنے والی نہیں ہوگی اور اس کی ایک وجہ میں نے یہ بتائی تھی کہ بارہ سو سکیمیں جو کہ اے ڈی پی میں Reflect کی گئی تھیں، ان کیلئے جتنے پیسے مختص کیے گئے تھے، جیسے ایک سکیم کیلئے اگر اس کی Estimated cost تقریباً کوئی پچاس لاکھ روپے ہو اور آپ محض اس سکیم کو اے ڈی پی میں Reflect کرنے کیلئے اس کھاتے میں دو لاکھ روپے یا پانچ لاکھ روپے ڈال دیں تو اس سے یہ مراد لی جائے گی کہ وہ سکیم اس سال میں مکمل تو کجا بلکہ وہ شروع بھی نہیں ہو سکے گی، اسلئے یہ ایک Bad planning کا نتیجہ ہوگا کہ آپ اس کو Full funding نہیں کر سکتے۔ اس کیلئے تو جناب والا، کوئی ایسا طریقہ کار آپ نے اختیار نہیں کرنا ہوتا، پشتو میں کہتے ہیں کہ جتنی آپ کی چادر ہو، اتنی ہی آپ ٹانگیں پھیلائیں۔ اگر آپ چادر سے زیادہ ٹانگیں پھیلاتے ہیں تو اس سے مراد یہ ہوگی کہ آپ کی ٹانگیں چادر کے آر پار نکل جائیں گی اور آپ کا پردہ سامنے آجائے گا۔ ہم اس وقت بھی یہ کہتے تھے کہ جناب والا، اس اے ڈی پی کی بارہ سو سکیمیں کسی

صورت میں بھی مکمل نہیں ہو سکتیں اور آج مجبوراً میرے کہنے کا مقصد یہ تھا کہ وہ ایک ویژن ہوتا ہے۔ جناب والا! اے ڈی پی کیلئے پیسے دینے والے کون ہوتے ہیں؟ آپ کے Federal Divisible pool سے جو پیسہ آتا ہے، اس میں بیشتر پیسہ، بارہا ہم کہہ چکے ہیں کہ دس پرسنٹ آپ کی Provincial Receipts ہوتی ہیں، 90 پرسنٹ پیسہ آپ کا مرکز کی طرف سے آتا ہے۔ ڈونرز جو ایک لازمی جز ہیں، آپ کو پیسے دینے کیلئے وہ آپ کے ویژن کو دیکھ کر آپ کو پیسہ دیتے ہیں۔ اگر آپ کا کوئی پروگرام نہ ہو، آپ کے کوئی ٹارگٹس نہ ہوں، آپ کا کوئی ویژن موجود نہ ہو تو اس وقت تک Haphazardly آپ کو ڈونر ایجنسیز پیسے دینے سے قاصر ہوتی ہیں۔ اسلئے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے اے ڈی پی میں بعض ایسی چیزیں ہوتی ہیں، ایک Projected amount ہوتا ہے جو کہ اصل میں Amount exist نہیں کرتا۔ جیسے ہمارے وزیر خزانہ صاحب اس بات کا اعتراف کریں گے کہ Net hydle profit کے حوالے سے ہمیں کتنا پیسا ملتا ہے؟ ہمارا Claim جو ہوتا ہے جو ہم اے ڈی پی میں Project کرتے ہیں، وہ سترہ بلین کا ہمارا Claim ہوتا ہے، سترہ بلین ہم اسی اے ڈی پی میں پروجیکٹ کرتے ہیں لیکن Actually ہمیں پیسہ کتنا ملتا ہے؟ وہ چھ ارب پر چونکہ Freeze ہو چکا ہے، وہ چھ ارب پر چونکہ Cap ہو چکا ہے تو ہمیں پیسہ جو ملتا ہے، Actually جو ٹارگٹس ہمارے ہوتے ہیں، وہ ہمارے چھ بلین کے ہوتے ہیں اور ان چھ بلین میں بھی ہمارے Worthy Finance Minister اس بات کا بھی اعتراف کریں گے کہ ہم سے ان چھ بلین میں بھی At-source cutting ہو جاتی ہے۔ دو ڈھائی ارب روپے مرکز ہم سے کاٹ لیتا ہے، واپڈا ہم سے کاٹ لیتا ہے کہ یہ پیسے آپ کے ڈیپارٹمنٹس کے خلاف ہیں، یہ انہوں نے ادا کرنے ہوتے ہیں تو ہمیں تقریباً ساڑھے تین، پونے چار ارب روپے ملتے ہیں۔ وہاں پر آپ پروجیکٹ کرتے ہیں سترہ ارب روپے، جب آپ سترہ ارب روپے پروجیکٹ کرتے ہیں اور اس کے مقابلے میں سکیمیں رکھتے ہیں تو وہ پیسے Exist نہیں کرتے، لہذا ایک Short fall پیدا ہو جاتا ہے۔ آپ کو تقریباً تیرہ ارب روپے کا، چودہ ارب روپے کا Short fall پیدا ہو جاتا ہے۔ Apparently ظاہراً تو آپ ایک اے ڈی پی کو ترتیب دے دیتے ہیں، اس کے مقابلے میں، اس کے عوض آپ سکیمیں دے دیتے ہیں لیکن Actually وہ پیسہ Exist نہیں کرتا اور اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ آج بھی بارہ سو سکیمیں جو کہ 2003-04 کیلئے انہوں نے ترتیب دی تھیں، بہ امر مجبوری Financial constraints کی وجہ سے اسلئے کہ پیسہ ان کے پاس ہے نہیں، آج بھی آپ پوچھیں فنانس ڈیپارٹمنٹ سے کہ مارچ کا مہینہ ہے، آپ کو

جون میں 04-2003 کی تمام سکیموں کو مکمل کرنا تھا، آج مارچ کا مہینہ ہے جناب والا، آپ کے پاس دو مہینے رہ گئے ہیں، اس لحاظ سے Financial year آپ کا Close ہونے والا ہے، بند ہونے والا ہے، چاہیے تو یہ تھا کہ اس مہینے میں آپ کے جو First Quarterly Review تھے، وہ ختم ہو چکے ہوتے، آپ کے Second Quarterly Review ختم ہو چکے ہوتے، آپ کے Third Quarterly Review ختم ہو چکے ہوتے، آپ کے پراجیکٹس آج پایہ تکمیل تک پہنچتے اور وہ اختتام پذیر ہوتے لیکن آج بھی ہم دیکھ رہے ہیں جناب والا، میں وسوق سے کہہ سکتا ہوں کہ بحیثیت ایک ایم پی اے یہ میرا حق بنتا ہے کہ جہاں پر ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم نے یہاں پر اپوزیشن کا تصور ختم کر دیا تو اس سے کیا مراد ہے؟ آپ اپوزیشن کا نام نہ لیں، آپ ان کو بھی ٹریژری بنچز میں شمار کر لیں لیکن جب آپ ہمارے ساتھ یہ امتیازی سلوک کرتے ہیں کہ نہ ہمارے تعمیر سرحد میں کام ہو رہے ہوتے ہیں اور نہ اے ڈی پی میں، میں نے آج تک اے ڈی پی کے حوالے سے ایک اینٹ دوسری اینٹ کے اوپر نہیں رکھی تو جناب والا، یہ کیسے اپوزیشن کے تصور کو ختم کرنے کی بات کرتے ہیں؟ آج بھی میں یہ سمجھتا ہوں کہ مجھے کل کسی منسٹر صاحب نے فرمایا کہ آپ کے علاقے میں تو کام ہو رہے ہیں، جناب والا، وہ مجھے ایک کام بتائیں کہ انہوں نے اے ڈی پی میں جو وعدے ہم سے کیے تھے، ان میں ایک سکیم بھی آج تک ختم ہونا تو کجا آج تک وہ شروع ہی نہیں ہوئی ہے۔ جناب والا! میں پھر اے ڈی پی کی طرف دوبارہ لوٹتا ہوں اور یہ میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ آج ان بارہ سو سکیموں میں آپ فنانس سے ان کا تمام ریکارڈ منگ لیں، ان سے آپ پوچھ لیں، وہ آپ کو بتائیں گے کہ آپ کے Financial constraints کی وجہ سے آج آپ مجبوراً بارہ میں سے تقریباً کوئی آٹھ سو سے لیکر نو سو سکیموں تک کو Slash کریں گے، آپ ان کو ختم کریں گے۔ اب حکومت کیا کریگی کہ بارہ سو سکیموں میں سے اگر آپ آٹھ سو سکیمیں ختم کر لیں تو آپ کے پاس تین سو سکیمیں رہ جائیں گی، تین سو سکیموں کو بھی یہ مکمل نہیں کریں گے۔ کہنے والے یہ ہونگے جناب والا، میں خود بھی پی اینڈ ڈی کا منسٹر رہ چکا ہوں، یہ ایک Paper jugglery ہوتی ہے، یہ کاغذوں کا ہیر پھیر ہوتا ہے۔ یہ بھی تماشہ ہوتا ہے جو کہ آپ بازار میں دیکھتے ہیں اور کوئی کھڑا ہو جاتا ہے میری طرح اور کوئی کہتا ہے کہ جی یہ دس روپے کی ایک پڑیا ہے، یہ کھا لیں، آپ کا دانت باہر نکل آئے گا۔ یہ وہ ایک قسم کا مداریوں والا کھیل ہوتا ہے۔ اب جناب، انہوں نے ان بارہ سو سکیموں کو میں جو سمجھتا ہوں کہ اگر یہ ایک اچھی پلاننگ ہوتی تو یہ بارہ سو سکیمیں آج مکمل ہوتیں۔ آپ اس کو ایک Lower side پر لے لیں۔

بارہ سو سکیمیں نہ سہی، آپ گیارہ سو سکیمیں مکمل کر لیتے۔ گیارہ سو نہ سہی، آپ ایک ہزار سکیمیں مکمل کر لیتے لیکن یہ کیا عجیب منطق ہے کہ آپ بارہ سو سکیموں میں سے نو سو سکیموں کو تو ختم کر دیتے ہیں، تین سو سکیموں کو لے لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم اس چیز کو Privatize کر رہے ہیں۔ ایک Priority پر وہ سکیمیں جو کہ اس وقت شروع ہیں اور وہ سکیمیں جناب والا، مجھے کہنے کی ضرورت نہیں ہے، ہمارے باقی ساتھی بھی یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، وہ آپ کو بتادیں گے کہ وہ سکیمیں کہاں پر شروع ہیں، وہ کن اضلاع میں شروع ہیں، وہ کن علاقوں میں شروع ہیں؟ ان کیلئے کیا Criteria ہے؟۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب انور کمال: آپ بتادیں، میں نے تو یہ تقریریں کر لی ہیں، جب آپ کی باری آئے گی تو آپ ان کو بتادیں کہ وہ سکیمیں کہاں شروع ہیں؟ (تالیاں) جناب والا! وہ سکیمیں Priority پر ہوں گی، آپ کی پانچ فیصد سکیموں کو Out of twelve hundred, کو پوری فنڈنگ مل چکی ہے۔ وہ اضلاع جن کی پوری اے۔ڈی۔پی ایک ارب اور تیرہ کروڑ کی ہے، ان کو اٹھانوے کروڑ روپے تو پہلے ہی فیز میں مل چکے ہیں اور ان پر کام شروع ہو چکا ہے اور جو باقی اضلاع ہیں، وہ خود ہی یہاں پر بتائیں گے، آپ کے ممبران بھی بتائیں گے، یہ اس سائڈ والے بھی بتائیں گے کہ ہماری فنڈنگ کا کیا حال ہے؟ جناب والا! اب جو مشکلات ہمارے سامنے آرہی ہیں، جو آنے والے خدشات ہمارے ہیں، وہ یہ ہونگے کہ یہ سال تو ہم پر گزر گیا، ہم نے تو اے ڈی پی کے حوالے سے کوئی کام نہیں کیا، اب جو انہوں نے Low Priority پر سکیمیں رکھی ہوئی تھیں جو کہ تقریباً آٹھ سو سے لیکر نو سو تک وہ سکیمیں بنیں گی، ان کو آپ پروجیکٹ کریں گے 2004-05 میں، اگر یہ نہ کیا تو اس موقع پر میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ اگر ان نو سو سکیموں کو انہوں نے اگلے سال پروجیکٹ نہیں کیا تو خدا کی قسم میں یہاں سے استعفیٰ دیدونگا۔ یہ تمام پراجیکٹس اگلے سال پروجیکٹ ہونگے۔ کیوں پروجیکٹ ہونگے؟ ان کو نکال نہیں سکتے، ان کو Lower priority پر رکھا ہوا ہے لیکن اگر آپ نو سو سکیموں یا آٹھ سو سکیموں میں بہت زیادہ بھی مبالغہ کروں، نو سو کی بجائے آٹھ سو کر لیں، آٹھ سو کی بجائے سات سو کر لیں، سات سو کی بجائے چھ سو کر لیں لیکن میں یہ وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اگر اس سال آپ کے ٹارگٹس محض تین سو سکیمیں ہیں تو اگلے سال وہ کوئی جادو کی چھڑی ہو گی کہ آپ نو سو سکیمیں مکمل کر لیں گے؟ آپ کہاں سے پیسہ لیکر آئیں گے ان نو سو سکیموں کیلئے؟ اس کو ہمارے پی اینڈ ڈی کی Terminology میں،

فنانس کی Terminology میں، ان کی زبان میں یہ کہتے ہیں کہ یہ Throw forward liability ہے، آپ کے اس سال کی liability، جو اس سال کی ذمہ داریاں ہیں، ان کو آپ اگلے سال پر لے جاتے ہیں۔ جناب والا! اس سے تو بری اور Bad planning آپ کسی اور کو کہہ نہیں سکتے ہیں۔ (تالیاں) اس سال کی آپ کی اے ڈی پی ختم ہو گئی ہے، یہی اے ڈی پی آپ کی Reflect ہو گی اگلے سال اور اگلے سال یہ جب یہ Reflect ہو گی 2003 کی سکیمیں 2004 میں تو جناب والا، ان کو تصور کیا جائے گا کہ یہ Ongoing schemes ہیں اور جب یہ Ongoing سکیمیں تصور ہو نگی تو آپ مجھے یہ بتائیں، میں تو حساب کے حوالے سے آپ کو بتا رہا ہوں کہ اگر یہ Ongoing schemes تصور ہو نگی اگلے سال تو پھر مجھے بتائیں کہ ان کے پاس نئی سکیموں کیلئے کتنا پیسہ ہو گا؟ جناب والا! ان کے پاس نئی سکیموں کیلئے یا تو ان کو ہی نئی سکیمیں تصور کیا جائے گا یا پھر ان کو Throw forward liability کے حوالے سے Ongoing Schemes تصور کیا جائے گا۔ جناب والا! ہم نے ساری عمر اسمبلیوں میں گزاری ہے، یہ چوتھی بار ہے کہ ہم ان اسمبلیوں میں آ رہے ہیں۔ جب آپ ایک دعویٰ کرتے ہیں تو براہ مہربانی آپ اس دعوے کو پورا کریں۔ جناب والا! ہر ایک حکومت کا ایک طریقہ کار چلا آ رہا ہے اور وہ Exercise انہوں نے بھی کی ہے لیکن اس کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہیں نکلا۔ اے ڈی پی جب آپ بناتے ہیں تو آپ اے ڈی پی کس کیلئے بناتے ہیں، آپ اے۔ ڈی۔ پی کس کے حوالے سے بناتے ہیں؟ آپ کے سیکٹرز ہوتے ہیں جناب والا، آپ کے سوشل سیکٹرز ہوتے ہیں، آپ کے سوشل سیکٹرز میں آپ کا ہیلتھ آتا ہے، آپ کی ایجوکیشن آتی ہے، آپ کا ایگریکلچر آتا ہے، آپ کے دیگر محکمے آتے ہیں۔ جناب والا! ایک Productive sector ہے، یہ ایک ویژن ہوتا ہے اور اگر آپ کو ڈونرز پیسے دیتے ہیں تو وہ آپ کے ویژن کے حوالے سے آپ کو پیسے دیتے ہیں۔ آج تو ہم ایک سیکٹر کو پیسے دے رہے ہیں، وہاں ان پر کام کر رہے ہیں لیکن جہاں پر Productive sector ہے جو کہ ہماری انڈسٹریز ہیں، جو کہ ہمارا ایگریکلچر ہے، جو کہ ہماری Afforestation ہے جناب والا، آپ دیکھ لیں کہ آپ تمام اس اے ڈی پی کا پیسہ اگر اکٹھا کر لیں تو اس Productive sector کے حوالے سے آپ خالی چودہ پرسنٹ پیسہ Productive sector کو دے رہے ہیں۔ جب آپ Productive Sector کو Ignore کریں گے تو اس سے یہ مراد ہو گی کہ آپ Unemployment کو Generate کر رہے ہیں، آپ کے ملک میں اور بھی بے روزگاری ہو گی۔ آپ لاکھ پلاننگ کریں لیکن آپ بے روزگاری کو اس وقت تک ختم نہیں

کر سکیں گے جب تک آپ Productive sector کو پیسے نہیں دینگے، جب تک آپ اپنی انڈسٹریز کو Revive نہیں کریں گے، جب تک آپ ایگریکلچر کو Boost نہیں دینگے۔ جب تک آپ Afforestation نہیں کریں گے جناب والا، اس وقت تک آپ کا Productive Sector ترقی نہیں کر سکے گا اور جب وہ ترقی نہیں کر سکے گا تو آپ لاکھ سکول بنائیں، پڑھنے والے کوئی نہیں ہونگے۔ آپ لاکھ سکول بنائیں، استاد وہاں پر نہیں ہونگے۔ آپ لاکھ سڑکیں بنائیں، Maintain کرنے والا اس کا کوئی نہیں ہوگا۔ تو جناب والا، ایسی اے ڈی پی سے آپ کیا فائدہ اٹھا رہے ہیں؟ آپ لوگوں کو کیا Message دے رہے ہیں؟ یہ اسمبلی روز اول سے جس یکجہتی کا مظاہرہ کر رہی ہے اور جس کیلئے ہم نے اپنے تمام اختلافات کو بھلا کر یہاں پر یکجہتی کا مظاہرہ کیا ہے، ہم اپنے حقوق کی بات کرتے ہیں، ہم مرکز کے ساتھ لڑنے کیلئے تیار ہیں۔ جناب والا! یہ ایک انہونی سی چیز ہے کہ اس موقع پر چاہے وہ اپوزیشن ہے، چاہے جتنی بھی سیاسی قوتیں ہیں، چاہے جتنی بھی مذہبی قوتیں ہیں لیکن اپنے صوبے کے حوالے سے جب وہ بات کرتے ہیں تو یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ کس لئے مظاہرہ کرتے ہیں؟ پیسہ اگر آجائے اور حالات یہ ہوں اور آپ پھر بھی Discrimination کرتے ہیں، کسی ضلع کو پیسے دیتے ہیں، کسی ضلع کو پیسے نہیں دیتے، کسی ضلع کو نظر انداز کرتے ہیں تو جناب والا، ایک وقت ایسا آئے گا کہ یہی ممبران، یہی پارٹیز کے لوگ جو اکٹھے ہوئے ہیں یہاں پر، وہ یہی کہیں گے کہ ہم کس کیلئے لڑ رہے ہیں، ہم کس کیلئے یہ تگ و دو کر رہے ہیں، ہم کس کیلئے یہ مظاہرے کر رہے ہیں، ہم کس لئے آپس میں یکجہتی کا اظہار کر رہے ہیں؟ جناب! ایک اے ڈی پی تو آپ معاف کر سکتے ہیں، ایک اے ڈی پی تو آپ درگذر کر سکتے ہیں، وہ نیلی چھت والا ہی جانتا ہے، پتہ نہیں کتنی اے ڈی پیز ہمارے وقت میں آئیں گی یا نہیں آئیں گی، کتنی اے ڈی پیز آئیں گی؟ ہم نے تو جب بھی حکومتیں دیکھی ہیں، ہم نے بنتے بھی دیکھی ہیں اور گرتے بھی دیکھی ہیں (تالیاں) یہ ایک معجزہ ہوگا جناب والا، کہ یہ حکومت اور یہ اسمبلیاں، چاہے مرکز میں ہوں، چاہے صوبوں میں ہوں، یہ اپنا وقت مقررہ پورا کریں تو جب ہم وقت مقررہ دیکھ رہے ہیں، ہمیں پھر وہ بوٹوں کی چاپ سنائی دے رہی ہے، پھر ہم دیکھ رہے ہیں کہ ابر، آسمان پر گھٹائیں وغیرہ چھا رہی ہیں تو اس سے بہتر یہ ہے جناب والا، کہ آنے والے وقتوں میں اس کیلئے چھوٹی سی Exercise ہوگی۔ جو آپ کہتے ہیں، جو آپ کے ضمیر کی آواز ہے، جو آپ کے دل کی آواز ہے، جو آپ کے دعوے ہیں کہ یہاں پر ہم نے اپوزیشن کا تصور ختم کر لیا ہے تو پھر آنے والے وقتوں میں جناب منسٹر صاحب یہ Exercise کریں کہ اے ڈی پی کو بنانے سے پہلے وہ تمام اراکین اسمبلی کو اعتماد

میں لیں، نہ یہاں پر شور ہو گا، نہ یہاں پر شرابا ہو گا، نہ یہاں پر تقاریر ہو نگی، نہ یہاں آپ پر تنقید ہو گی، ہم تمام لوگ خوش ہونگے اور آپ ہی کے گیت گائیں گے، آپ کے ہی گن گائیں گے کہ آپ نے اے ڈی پی بنائی، کس کیلئے بنائی؟ لیکن جناب والا، اب ہم جو مجبوراً چیخ رہے ہیں تو یہ ہماری مجبوری ہے اس کے علاوہ ہمارے پاس اور کیا ہے؟

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you.

<u>جناب انور کمال:</u> جناب سپیکر! میں آخر میں پھر آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا ورنہ آج میرے یہ بھائی مجھے موقع نہیں دے رہے تھے۔

<u>جناب خلیل عباس خان:</u> پوائنٹ آف آرڈر جی۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو۔ ڈیڑھ بجے یہاں نماز باجماعت ہو گی، ایک ہی مقرر تقریر کر سکتا ہے۔ میرے خیال میں بشیر احمد بلور صاحب۔۔۔۔۔ (شور/ قطع کلامی)

<u>ایک آواز:</u> پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

<u>جناب خلیل عباس خان:</u> پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> آپ تقریر کرنا چاہتے ہیں؟

<u>جناب خلیل عباس خان:</u> پوائنٹ آف آرڈر۔

<u>جناب جمشید خان:</u> مونځ جی پاؤ باندے په یوه کیږی۔

<u>جناب سپیکر:</u> دلته؟

<u>جناب جمشید خان:</u> او جی، پاؤ باندے یوه بجه۔

<u>جناب سپیکر:</u> نو بیا خو داسے کوؤ چه اوس چھٹی کوؤ، بیا به راځئ۔

<u>جناب جمشید خان:</u> پاؤ باندے یوه مونځ کیږی۔

<u>جناب سپیکر:</u> نه نه، ماسره بله لار نیشته چه مونږ اوس چھٹی اوکړو او بیا تاسو راشئ او جاری اوساتو اجلاس۔

<u>جناب خلیل عباس خان:</u> سر! علماء صاحبان ناست دی، مونږ هر وخت جمع کولے شو۔

<u>جناب سپیکر:</u> نه، نه، نه۔۔۔۔۔۔۔

جناب خلیل عباس خان: دا څه د قرآن ټکے خو نه دے ، مونږ سره ماشاءاﷲ بلا عالمان صاحبان ناست دی، مونږه روستو هم کولے شو، دوئ مونږه ته جمع راکولے شی او-------

جناب سپیکر: خلیل عباس خان! خبره زما واوره۔ یوه نیمه بجه مونځ کیږی نو مطلب دا دے چه یو کس تقریر---------- (قطع کلامیاں)

جناب محمد ارشد خان: جناب سپیکر------

جناب خلیل عباس خان: یو منټ جی۔ دا ډیره ضروری خبره ده، یو منټ جی ستاسو اجازت سره۔ سپیکر صاحب دا ډیره اهم خبره ده، د ټولو، زمونږ د اسمبلئ د وقار خبره ده۔ یو منټ تاسو نه غواړم۔

جناب سپیکر: وایه۔

وانا آپریشن

جناب خلیل عباس خان: جی مهربانی، شکریه۔ سپیکر صاحب! پرون په وانا کښې جی آپریشن شوے دے او په هغے کښې څلیرویش کسان د یو طرف نه مړه دی او دولس کسان بل طرف نه مړه دی۔ مونږ خو جی سحر په دے انتظار کښې ناست وو چه اوس به حکومت د هغے باره کښې خپل څه لائحه عمل پیش کوئ، څه دعا به کوی۔ مونږ خو جی دا نه پوهیږو چه دے کښې شهدا څوک دی او دے کښې مړه څوک دی؟ نو چونکه دا یو داسے مسئله ده جی چه نن نه مخکښې زمونږ د مجلس عمل ورونړه چه راغلی دی، افغانستان د وجے نه نن دلته ناست دی۔ اوس معامله وانا پورے راغونډه شوه خو هم دوئ د خپل څه موقف اظهار نه کوی جی۔ حال دا دے جی چه افغانستان کښې خو خلق کلسټر بمونو باندے مړهٔ شول او تر اوسه هم جیلونو کښې ناست دی۔ هلته خو نقصان اوشو او دلته فائده دا اوشوه چه د مجلس عمل حکومت جوړ شو۔ اوس مهربانی اوکړئ چه دا معامله زمونږ د خپل باډر دننه راغونډه ده وانا پورے۔ خدائے د پاره مونږ ته اوښایئی چه دے کښې څوک شهیدان دی، څوک مړهٔ دی چه هغوی د پاره لاس نیوه اوکړو۔

جناب سپیکر: سراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق (سینئر وزیر قانون): جناب سپیکر صاحب! خلیل عباس کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جب سے وانا کا آپریشن شروع ہوا ہے، اس سے پہلے یعنی کل کے واقعہ سے پہلے بھی فائرنگ کے نتیجے میں کچھ لوگ اس میں کام آئے تھے، شہید ہو گئے تھے، اخبارات میں بات آئی تھی۔ شروع دن سے اسلام آباد سے سینیٹرز اور ممبران قومی اسمبلی پر مشتمل ایک وفد وانا گیا تھا لیکن جسطرح آپ کو معلوم ہے کہ وہاں کی ایڈمنسٹریشن، صوبائی انتظامیہ کے تحت نہیں ہے تو اس وفد کو جو کہ قومی اسمبلی کے ممبران پر مشتمل تھا اور صوبائی اسمبلی کے ممبران بھی اس میں شامل تھے، لیاقت بلوچ صاحب اس کو Lead کر رہے تھے، اس کو وہاں جانے نہیں دیا گیا اور ایجنسی سے باہر انہوں نے ان کیساتھ، اب بھی جو واقعہ ہوا ہے تو ہمارے ایم ایم اے کے منتخب لوگ، قومی اسمبلی کے منتخب لوگوں کا ایک جرگہ وہاں گیا تھا متاثرہ خاندان سے دعا کرنے، فاتحہ خوانی کرنے لیکن پھر بھی وہاں ان کو پکڑ کر ایجنسی بدر کیا ہے اور کل کا واقعہ بھی انتہائی افسوسناک ہے، اسلیے کہ اگر عوام متاثر ہو رہے ہیں، عوام مر رہے ہیں تو وہ بھی ہمارے عوام ہیں۔ اگر فورسز کو نقصان پہنچتا ہے تو وہ بھی پاکستان کی ہیں اور صوبہ سرحد کے لوگ بالکل بجا انتہائی افسردہ ہیں اس چیز پر۔ اس پر ہر ایک کا انفرادی موقف ہو سکتا ہے کہ کیا ہونا چاہیئے، کیا نہیں ہونا چاہیئے لیکن جو ایکسیڈنٹس ہوتے ہیں، جو لوگ مرتے ہیں، جو خون بہتا ہے یا جو گھروں کو مسمار کیا جاتا ہے، یہ وکلاء یہاں ہیں، یہ کسی بھی بین الاقوامی اصول کے مطابق نہیں ہیں بلکہ آج تک دنیا کی کسی عدالت نے یہ فیصلہ نہیں کیا کہ کسی سرکار کو کسی کا گھر بلڈوز کرنے کی اجازت ہو۔ اگر میں غلطی پر ہوں تو یہاں وکلاء بیٹھے ہیں، مجھے جواب دے سکتے ہیں لیکن کوئی عدالت یہ حق، اب تک اسطرح فیصلہ نہیں کیا ہے تو اگر ایک عدالت نے کسی کے بارے میں فیصلہ نہیں کیا ہو تو اس طرح ایک انتظامیہ یا ایک نادیدہ قوت، مسمار کرنا گھروں کو، بستیوں کو اجاڑنا، یہ مہذب دنیا کیلئے ایک سوالیہ نشان ہے اور ان وجوہات کی وجہ سے ہم پوری دنیا کیلئے ایک تماشہ بن بیٹھے ہیں۔ اسلیے میں خلیل عباس صاحب کے اس موقف سے بالکل متفق ہوں اور دعا بھی کرنی چاہیئے، فاتحہ خوانی بھی آپ کی اجازت سے ہونی چاہیئے۔ بہر حال ہمارا یہ موقف ہے کہ ہم کل بھی اسطرح کے آپریشن کی ضرورت کو محسوس نہیں کرتے ہیں اور ہمارا ایک اصولی موقف ہے کہ جس وقت جناب، وہاں سے قومی اسمبلی کے ممبران بھی ہیں اور سینیٹرز بھی ہیں، فاٹا سے تعلق رکھنے والے لوگ اور پہلی بار تاریخ میں وہاں 'One man, one vote' کی بنیاد پر الیکشن ہوا ہے یعنی صرف 'ملک' یا 'لنگی ہولڈرز' نے ہی ووٹ استعمال

نہیں کیا ہے بلکہ عام لوگوں نے بھی ان کو ووٹ دیا ہے، لہذا اگر حکومت کو کوئی پرابلم ہے یا کوئی مشکل ہے تو منتخب لوگوں کو اسلام آباد میں بٹھا کر ان کے سامنے اپنا مسئلہ رکھ لیں کہ جناب، ہمیں یہ مشکل درپیش ہے یا یہ پریشر ہے لیکن اب تک اس کا اہتمام نہیں کیا گیا اور آپ جناب سپیکر صاحب، یقین کریں کہ روز ہمیں وہاں کے ایم۔این۔ایز اور وہاں کے سینیٹرز فون کرتے ہیں، پیغام دیتے ہیں کہ ہمارے عوام اس چیز سے Agree نہیں کرتے ہیں، اس چیز پر افسردہ ہیں، اس چیز پر پریشان ہیں اور کچھ نادیدہ حرکتیں، نادیدہ ہاتھوں کے ذریعے سے کی جاتی ہیں جن پر پورے ملک اور صوبہ سرحد کے عوام کو تشویش ہے جی۔

جناب انور کمال: جناب سپیکر! اگر اجازت ہو تو میں بھی ایک سیکنڈ میں اپنے خیالات کا اظہار اس پر کرنا چاہتا ہوں اور ضروری سمجھتا ہوں جناب سپیکر، کہ یہ ایک نہایت ہی گھناؤنا کھیل اور ایک سازش کے تحت جو کچھ بھی ہم سمجھتے ہیں، ہو رہا ہے۔ اس میں اگر ہم کسی کو ملوث کریں یا نہ کریں لیکن اس حقیقت سے ہم انکار نہیں کر سکتے کہ ہم اپنے ملک کو آنے والے خطرات اور مشکلات سے دوچار کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر! جو بھی ہو، گو کہ ہمیں یہ حق نہیں پہنچتا کہ ہم خارجہ پالیسی پر بحث کریں لیکن پھر بھی ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ اگر حق کی آواز ہم نہیں اٹھا سکتے یا مرکز میں اپنی حکومت کو یہ نہیں بتا سکتے کہ آپ جو کھیل کھیل رہے ہیں کسی کے اشارے پر، اس کے نتائج جو ہیں، وہ یہ نہیں ہیں کہ ایک فرد واحد کے خلاف ہونگے اور فرد واحد نے بھی اپنے آپ کو اتنی مشکلات میں ڈال دیا کہ ایک وقت پر دعوے کرنے والے، اٹھانوے فیصد ریفرینڈم کے حوالے سے ووٹ لینے والے آج چوہوں کی طرح ایک بل میں اور دوسرے بل میں گھس گھس کر اپنی سیکورٹیز کا انتظام نہیں کر سکتے۔ (تالیاں) جناب سپیکر! یہ کیسے عوام ہیں، یہ کیسے لوگ ہیں جو اپنے ہی ملک میں نہ آپ کی غم رازی کیلئے پھر سکتے ہیں، نہ کسی کی شادی میں پھر سکتے ہیں، نہ کسی کے ساتھ اٹھ بیٹھ سکتے ہیں اور وہ جب کسی علاقے میں آتے ہیں تو پورے کے پورے علاقے کو گھیرے میں لیکر ان کا تحفظ کرتے ہیں۔ آپ اپنے تمام وسائل ان کیلئے خرچ کر لیتے ہیں تو کیا یہی نتائج آپ اخذ کر رہے ہیں؟ کیا انہی اپنے غیر ملکی آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے اور اپنی کرسی کو تقویت دینے کیلئے آپ ہزاروں، کروڑوں، لاکھوں مسلمانوں کا خون کر رہے ہیں؟ کیا اس کا یہی نتیجہ نکلے گا کہ اس کے دوسری دن کولن پاؤل ہیں یا جو کوئی بھی بلا ہے، ان کا اخبارات میں بیان آتا ہے کہ پاکستان طالبان کے حوالے سے ہمارے ساتھ کسی قسم کا تعاون نہیں کر رہا؟ تو جناب والا، ہم آخر اپنی قربانیاں کس سے مانگیں؟ اب حکومت ایک طرف ان کیلئے اس حد تک آگے بڑھ گئی ہے کہ

مسلمانوں کے گلوں پہ وہ چھریاں پھیر رہے ہیں، یہاں پہ اپنے پاکستانی عوام، ان غیر تمند قبائلیوں کے خلاف وہ آج لشکر کشیاں کر رہے ہیں، اپنے ہی لوگوں کو ذہنی طور پر مجبور کر وا رہے ہیں کہ ان کے خلاف لشکر کشیاں کریں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مشتاق احمد غنی صاحب۔

جناب انور کمال: وہ پاکستانی فوج جو آپ کے غیر ملکیوں کے ساتھ لڑنے کیلئے تیار تھی، آج آپ ان کو اپنے پاکستانیوں کے خلاف استعمال کر رہے ہیں تو کیا Message آپ ان لوگوں کو دے رہے ہیں؟ جناب والا! ان کی ہم پر زور مذمت کرتے ہیں اور آج بھی کہتے ہیں کہ آپ نے ابھی گنوایا تو ہے لیکن آپ نے ابھی بھی کچھ نہیں گنوایا۔ ہو سکتا ہے، خدانہ کرے کہ ان کی یہ گندی آنکھیں ہمارے اس پاک وطن پہ لگ جائیں۔ آج اگر وہ وانا میں آپریشن کر سکتے ہیں تو میں آپ کو یہ وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ کل وہ پشاور میں بھی کریں گے، کل کو وہ اسلام آباد میں کریں گے۔ وہ آپ کے اربن علاقوں میں بھی آپ کیلئے مشکلات پیدا کریں گے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: انور کمال خان! ، پلیز بیٹھ جایئے۔ میں مشتاق غنی کو ____ انور کمال خان، پلیز بیٹھ جایئے، بس ہو گیا۔ جی، جی۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب! میں بات کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں اس فلور پر بات کرنے کیلئے اور بھی بہت سے موضوعات ہیں اور ہمیں ان موضوعات پہ بات کرنی چاہئے جو ہماری Jurisdiction میں آتے ہیں یا جن کے ساتھ ہم متعلق ہیں۔

جناب سپیکر: آپ اس میں کیا کہنا چاہتے ہیں؟

جناب مشتاق احمد غنی: میں یہی عرض کرتا ہوں کہ یہ ایک فیڈرل سبجیکٹ ہے اور فاٹا ہمارے صوبے کا حصہ ہی نہیں ہے اور ہر ملک کی اپنی خارجہ پالیسی ہوتی ہے، اس کے تحت ہی کوئی اقدامات کئے جاتے ہیں اور جیسے بارہا کہا گیا ہے کہ وہاں کا آپریشن وہاں کے قبائل کے تعاون کے ساتھ کیا جا رہا ہے اور وہاں پر پاکستانیوں کے خلاف نہیں ہو رہا، ان لوگوں کے خلاف ہو رہا ہے جو غیر ملکی وہاں پہ مقیم ہیں اور ہماری سرحدات سے افغانستان میں جا کر حملہ آور ہو رہے ہیں، جس سے پاکستان کی خارجہ پالیسی متاثر ہو رہی ہے، پاکستان کی اپنی اساس متاثر ہو رہی ہے اور میرے خیال میں ایسے حالات میں ہمیں ان ایشوز کی طرف نہیں جانا چاہئے۔ جہاں تک Casualities کا تعلق ہے تو ہم سب کو

افسوس ہے اور وہاں جتنے لوگ Foreigners ہیں، ان کو پریذیڈنٹ کی طرف سے یہ Message دیا گیا ہے کہ اگر وہ خود Surrender کر دیں تو ہم ان کو کسی ملک کے حوالے نہیں کریں گے اور ان کو علیحدہ رہنے کیلئے ایک جگہ دے دیں گے لیکن افغانستان کا یہ ایشو ختم ہو جائے گا کہ پاکستان کی سرحدوں سے ہمارے ملک کے اندر بدامنی پیدا کی جا رہی ہے۔

جناب سپیکر: میرے پاس، نہیں، بشیر احمد بلور صاحب۔۔۔۔۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: اگر آپ امریکہ کو خوش کرنے کیلئے یہ کر رہے ہیں تو وہ آپ کا ساتھ نہیں دے گا، یہ یاد رکھیئے۔ امریکہ نے ہر جگہ مخالفت کی ہے، ہمارے ساتھ غداری کی ہے، ہم اس کی کسی بات پر اعتماد نہیں کرتے۔

جناب مشتاق احمد غنی: جیسے آپ نے افغانستان میں لوگوں کو مروایا ہے، ایسے ہی یہاں بھی مروانا چاہتے ہیں۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: اگر آپ نہ ہوتے تو امریکہ کا باپ بھی یہاں نہیں آسکتا تھا۔ اگر آپ وہاں نہ ہوتے تو امریکہ کا باپ بھی وہاں نہیں آسکتا تھا، اسلئے کہ ہم امریکہ کی بات کی کوئی ضمانت نہیں دے سکتے۔ امریکہ کا باپ بھی وہاں قبضہ نہیں کر سکتا۔

جناب سپیکر: جناب بشیر احمد بلور صاحب۔ تا سو کبنیئ، مجاہد صاحب۔ بشیر احمد بلور صاحب! یہ ایجنڈا آپ لوگوں نے طے کیا ہے، ہم ایجنڈے پہ چل رہے ہیں۔ ADP پہ Discussion ہونی تھی۔ انور کمال خان نے تقریر کی۔ اب میں ایوان سے پوچھتا ہوں کہ اگر وہ شام کو سیشن رکھتے ہیں اور کل بھی ایسا، ورنہ میرے پاس تو کل کا دن ہے، لہذا آپ کی مرضی ہے۔

جناب بشیر احمد بلور: کل کو لے آئیں۔

جناب سپیکر: کل ایسا ہو گا کہ ہم تحریک التواء یا Call attention notices وغیرہ نہیں لے سکتے، کل صبح ہم ADP پہ بحث شروع کریں گے۔ چونکہ اب نماز کا وقت قریب ہے تو The House is adjourned till 10 a.m of tomorrow morning .

(اسمبلی کا اجلاس بروز جمعرات مورخہ 18 مارچ 2004ء صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا۔)